پریس ریلیز

ریزروبینک آف انڈیا

ویب سائٹ:www.rbi.org.in/urdu
ویب سائٹ:www.rbi.org.in
ای-میل:helpdoc@rbi.org.in

شعبۂ مواصلات، سینٹرل آفس، شہید بھگت سنگھ مارگ ممبئی-400001
فون:0502 2266 22 91 فیکس:22660358 22 91

۱۲/اپریل ۲۰۱۶ء

آر بی آئی کی جانب سے گوکل کوآپریٹو اربن بینک لیمیٹڈ سکندرآباد تلنگانہ کو ہدایات

ریزروبینک آف انڈیا اس بات سے متفق ہے کہ عوامی مفاد میں گوکل کواپریٹو اربن بینک لیمیٹڈ سکندرآباد کو متعدد ھدایات جاری کرنا ضروری ہے۔اسی لحاظ سے ریزروبینک بینکنگ ریگولیشن ایکٹ ۱۹۴۹ کی دفعہ ۵۶ کے مثل بینکنگ ریگولیشن ایکٹ ۱۹۴۹ کی دفعہ (۳۵-اے) کی ذیلی دفعہ (۱) کے تحت اختیارات کو عملی جامعہ پہناتے ہوئے (جیسا کہ کوآپریٹو سوسائٹیوں پر بھی لاگو ہوتے ہیں) ہدایات جاری کرتا ہے کہ گوکل کوآپریٹو اربن بینک لمیٹڈ سکندرآباد ۸/اپریل ۲۰۱۶ کو مارکیٹ کے بند ہونے سے ریزروبینک آف انڈیا کے سابقہ منظوری کے بغیر قرضے یا پیشگی رقم کی نہ منظوری دے گی نہ ہی تجدید کرے گی، نہ سرمایہ کاری کرے گی، رقم ادھار لیتا اور تازہ ترین جمع رقموں کی منظوری سمیت کوئی بھی لائبلٹی دے گی نہ کسی رقم کی ادائیگی کرے گی اور نہ ادائیگی کے لئے موافقت کرے گی خواہ کسی لائبلٹی اور فرائض یا اس کے برعکس کسی اور چیز کی انجام دہی ہو نہ کسی کے ساتھ کسی وعدہ یا بندوبست میں شریک ہوگی نہ ایسی کسی جائیداد یا اثاثے کی فروخت یا تحویل کرے گی یا اس کے برعکس تصفیہ کرے گی بجز ان چیزوں کے جن کا تذکرہ مندرجہ ذیل ہے:

☆ ہر سیونگ بینک یا کرنٹ اکاؤنٹ یا کسی بھی دیگر ڈپوزٹ اکاؤنٹ کی وہ مجموعی رقم جو کہ ایک ہزار سے زائد نہ ہو کسی بھی ڈپوزیٹر کے ذریعہ نکالی جاسکتی ہو بشرط یہ کہ ایسا ڈپوزیٹر کسی بھی بینک میں کسی بھی انداز سے جیسی بھی لائبلٹی کا مالک ہو خواہ قرض خواہ کی حیثیت سے ہو یا شیورٹی کی حیثیت سے ہو، تو اس رقم کے تطابق سب سے پہلے متعلقہ بارووں اکاؤنٹ سے کیا جاسکتا ہے۔

☆ میچورٹی کی بنیاد پر موجودہ جمع کی جانے والی میعادی رقموں کی تجدید اسی نام سے اور اسی صلاحیت کے ساتھ کی جاسکتی ہے۔

☆ ایسا خرچ جس کی اجازت تحریری ہدایات میں دی گئی ہو۔

☆ گورنمنٹ ایس ایل آر سیکورٹیز (زرضمانت) میں سرمایہ کاری کی جاسکتی ہو۔

اسے کسی دیگر لائبلٹی کے دینے یا ختم کرنے کا اس وقت تک اختیار نہ ہوگا جب تک ریزروبینک کے ذریعہ سے تحریری منظوری نہ ہو۔

مطالعہ کے خواہشمند عوامی ممبران کے لئے تفصیلی ہدایات بینک احاطہ میں چسپاں کی ہوئی ہیں۔حالات کے مطابق ریزروبینک ان ہدایات میں کسی ترمیم پر بھی غور کرسکتی ہے۔

آر بی آئی کی جانب سے ہدایات میں کی جانے والی فطری تبدیلی بینک لائسنس کی منسوخی کے طور پر ہونا چاہئے۔بینک پابندیوں کے ساتھ بینکنگ تجارت کی جاتی رہے گی یہاں تک کہ اس کی مالی حالت مستحکم ہو جائے۔یہ ہدایات ۸/اپریل ۲۰۱۶ء کو تجارت کے بند ہونے سے چھ ماہ کی مدت تک لاگو نافذ رہیں گی اور ان میں تبدیلی بھی ممکن ہوگی۔

اجیت پرساد اسسٹنٹ ایڈوائزر

پریس ریلیز 2015-2016/2405